© rasailojaraid.com

اکرام اللہ ساجد

# تبصرہ کتب

کتاب : ہمارے فرائض اور ہمارے حقوق

مؤلفہ : حافظ نذر احمد۔ پرنسپل شبلی کالج لاہور

صفحات : بڑا کتابی سائز ۱۶/۳۶×۲۳ ، ۳۳۶ صفحات

معیاری کتابت وطباعت، سنہری جلد، قیمت ۳۳ روپیہ

ناشر : مسلم اکادمی، محمد نگر۔ لاہور ۵

حقوق وفرائض کے موضوع پر اردو میں صرف چند کتابیں لکھی گئی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب ان میں کئی اعتبار سے انفرادی حیثیت رکھتی ہے۔ مؤلف موصوف نے قدیم اور معروف عنوانات کے علاوہ عصر حاضر کے جدید رشتوں کو بھی شامل کیا ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ حقوق سے پہلے فرائض بیان کیے ہیں۔ کتاب ایک مسلسل مضمون کی صورت میں نہیں بلکہ معین طور پر ذیلی عنوانات کے تحت ایک ایک فرض اور پھر جدا جدا حقوق کو بیان کیا گیا ہے۔

کوئی فرض یا کوئی حق ایسا نہیں جو کتاب وسنت کے حوالے کے بغیر درج کیا گیا ہو۔ ہر آیتِ قرآنی اور حدیثِ نبوی کا متن مع ترجمہ موجود ہے۔ حوالہ اس کے ساتھ ہے۔

کتاب "حقوق وفرائض" پانچ حصوں پر مشتمل ہے :

انسانی رشتے، عائلی رشتے، سماجی رشتے، دینی رشتے، اور سیاسی رشتے، کتاب میں سربراہِ مملکت اور حاکمِ عدالت سے لے کر ایک معالج، مریض، تاجر، خریدار، آجر اور اجیر اکیاون (۵۱) رشتوں پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔



© rasailojaraid.com